40126 ـ کیا منی روکنے سے غسل واجب ہو جاتا ہے ؟

سوال

اگر کوئی شخص منی خارج ہونے سے قبل اپنا عضو تناسل پکڑ لے اور منی خارج نہ ہونے دے اور کوئی چیز خارج نہ ہو تو اس کا حکم کیا ہے ؟
اور اگر اس نے ایسا کیا اور کچھ دیر کے بعد کچھ قطرے خارج ہو گئے تو اس کا حکم کیا ہو گا ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اول:

جب انسان بغیر جماع شہوت کے ساتھ منی منتقل ہونا محسوس کرے تو اپنا عضو تناسل پکڑ کر دبا لے اور اس سے کوئی چیز خارج نہ ہو تو جمہور علماء کے قول کے مطابق اس پر غسل واجب نہیں، لیکن امام احمد سے اس کے خلاف مشہور ہے.

ابن قدامہ رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں:

اگر شہوت کے وقت منی منتقل ہونا محسوس کرے تو اپنا عضو تناسل پکڑ لے اور کوئی چیز خارج نہ ہو تو اس پر غسل نہیں ہے... اکثر فقہاء کا قول (یہی) ہے.

کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے غسل کو پانی چھلکنے اور دیکھنے پر معلق کرتے ہوئے فرمایا ہے:

" جب تم پانی (منی) دیکھو، اور جب تم پانی چھلکاؤ تو غسل کرو "

اس کے بغیر حکم ثابت نہیں ہوتا "

دیکھیں: المغنی ابن قدامۃ (1 / 128).

اور امام نووی رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں:

" اگر کوئی شخص عورت کا بوسہ لے اور منی منتقل ہونا اور خارج ہونا محسوس کرے تو اس نے اپنا عضو تناسل پکڑ لیا نہ تو اس وقت کوئی چیز خارج ہوئی اور نہ ہی بعد میں کچھ خارج ہونے کا علم ہوا تو ہمارے ہاں اس پر غسل واجب نہیں.

امام احمد سے دو روایتوں میں مشہور روایت کے علاوہ باقی علماء کا یہی قول ہے، امام احمد سے مشہور روایت یہی ہے کہ اس پر غسل واجب ہو گا.

وہ کہتے ہیں: منی واپس ہونے کا تصور بھی نہیں ہو سکتا، ہماری دلیل رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ہے:

" پانی پانی سے ہے "

اور اس لیے بھی کہ علماء کرام کا اتفاق ہے کہ جو شخص ہوا خارج ہونے اور پیٹ میں گڑ گڑ کی آواز محسوس کرے اور خارج کچھ نہ ہو تواس پر وضوء کرنا واجب نہیں، تو یہاں بھی اسی طرح ہے " انتہی.

دیکھیں: المجموع للنووی (2 / 159).

دلائل کی بنا پر جمہور علماء کرام کا مسلك راجح ہے.

یہاں ایك تنبیہ کرنا ضروری ہے کہ یہ عمل یعنی منی خارج ہونے سے روکنا بہت زیادہ نقصان دہ عمل ہے.

شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں:

اور کیا بغیر انتقال ہوئے " منی " خارج ہونا ممکن ہے ؟

جی ہاں، وہ اس طرح کہ وہ اپنا عضو تناسل پکڑ لے حتی کہ منی خارج نہ ہو، یا پھر شہوت ٹھنڈی پڑ جائے، اگرچہ فقہاء کرام نے اس کی مثال تو دی ہے لیکن یہ بہت زیادہ نقصان دہ عمل ہے، فقہاء کرام رحمہم اللہ کسی چیز کا تصور پیش کرنے کے لیے اس کی حرمت یا حلت کو پیش نظر رکھے بغیر ہی مثال پیش کر دیتے ہیں.

اور بعض علماء کرام کا کہنا ہے کہ: منی منتقل ہونے سے غسل فرض نہیں ہوتا، شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمہ اللہ نے اسے ہی اختیار کیا ہے، اور صحیح بھی یہی ہے " انتہی.

دیکھیں: الشرح الممتع (1 / 180).

اور جب منی خارج ہو جائے تو غسل جنابت فرض ہو جاتا ہے، چاہے منی کا ایك قطرہ ہی خارج ہوا ہو.

اس سے یہ پتہ چلا کہ جب منی شہوت کےساتھ اور چھلك كر خارج ہو تو اس سے غسل واجب ہونے میں علماء كرام میں كوئی اختلاف نہیں، اور منی كے انتقال كے وقت عضو تناسل پكڑنے والے شخص میں یہ چیز حاصل ہے، جب اس پر منی غالب آجائے اور اس كا ایك یا زیادہ قطرے منی خارج ہو چاہے كچھ دیر بعد ہی خارج ہو.

دیكھیں: المغنی ابن قدامہ (1 / 268).

مستقل فتوی كمیٹی سے درج ذیل سوال كیا گیا:

شہوت كے ساتھ منی كا ایك قطرہ خارج ہونے كا حكم كیا ہے ؟

كمیٹی كا جواب درج ذیل تھا:

" جب منی شہوت كے ساتھ چھلك كر خارج ہو تو غسل واجب ہو جاتا ہے، چاہے ایك ہی قطرہ خارج ہو، اور بغیر جماع خارج ہو جائے، اس سے وضوء كفائت نہیں كرے گا، بلكہ اسے غسل جنابت كرنا ہوگا "

دیكھیں: فتاوی اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلمیۃ والافتاء (5 / 303).

مزید تفصیل كے لیے آپ سوال نمبر (12317) اور (6010) كے جوابات كا مطالعہ ضرور كریں.

دوم:

اور اگر جماع كیا جائے تو غسل واجب ہو جاتا ہے، چاہے منی خارج نہ بھی ہوئی ہو، كیونكہ رسول كریم صلی اللہ علیہ وسلم كا فرمان ہے:

" جب دونوں ختنے مل جائیں اور عضو تناسل كا اگلا حصہ غائب ہو جائے تو غسل واجب ہے، چاہے انزال ہو یا نہ ہو "

علامہ البانی رحمہ اللہ تعالی نے اسے صحیح الجامع حدیث نمبر (379) میں حسن قرار دیا ہے.

آپ سوال نمبر (7529) كے جواب كا مطالعہ ضرور كریں.

واللہ اعلم .